# SKICC میں غریب کلیان سمیلن
# لیفٹیننٹ گورنر نے کی صدارت

نیوز ڈیسک

سرینگر//لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے ایس کے آئی سی سی میں منعقد غریب کلیان سمیلن کے سلسلے میں یوٹی سطح کے پروگرام کی صدارت کی۔ ملک گیر سطح پر ہونے والی اس سب سے بڑی بات (بقیہ صفحہ 7 پر، SKICC میں)

چیت کے دوران وزیر اعظم نے وسیع پیمانے پر سرکاری اسکیموں اور پروگراموں کے استفادہ کنندگان کے ساتھ بات چیت کی اور استفادہ کنندگان کی زندگیوں پر ان اسکیموں کے اثرات کے بارے میں پہلی بار رائے حاصل کی۔ لیفٹیننٹ گورنر نے "غریب کلیان سمیلن" کو عام شہریوں کی زندگیوں میں مثبت تبدیلی کی کہانیوں کو اجاگر کرنے کیلئے ایک اہم اقدام قرار دیا۔ لیفٹیننٹ گورنر نے مزید کہا کہ پچھلے آٹھ سالوں میں ریکارڈ ترقی ہوئی ہے اور اس بات کو یقینی بنایا گیا کہ ترقی کے ثمرات سماجی شمولیت، تعلیم، صحت، دیہی ترقی، زراعت اور دیہی اور شہری انفراسٹرکچر کو بہتر بنانے کیلئے مساوی طور پر تقسیم کئے جائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ جموں و کشمیر اور اس کے عوام سات دہائیوں سے ترقی سے محروم تھے اب عام لوگوں کو مساوی حقوق فراہم کرنے کیلئے آئینی دفعات پر عمل درآمد کیا جارہا ہے۔ گذشتہ تین برسوں میں حکومت کی طرف سے متعارف کرائی گئی کسانوں پر مبنی اصلاحات نے جموں و کشمیر کے کسانوں کی آمدنی میں بھی کئی گنا اضافہ کیا ہے۔ اسی طرح گذشتہ مالی سال تک پردھان منتری ماترو وندنا یوجنا کے تحت 2.7 لاکھ مستفدین کا احاطہ کیا گیا تھا اور ان میں 107 کروڑ روپے سے زیادہ کی رقم تقسیم کی گئی ہے۔

# نریندر مودی کا بات چیت کا پروگرام

## کپوارہ میں شاندار تقریب کا انعقاد

اشرف چراغ

کپوارہ//وزیر اعظم نریندر مودی کا براہ راست بات چیت کا پروگرام کپوارہ ضلع میں بھر پور مشاہدہ کیا گیا اور اس سلسلہ میں ڈی سی کمپلکس کپوارہ میں ایک شاندار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ غریب کلیان سملن کے تحت وزیر اعظم نریندر مودی نے منگل کے روان براہ راست مختلف عوامی فلاحی سکیموں کے استفادہ کنندگان کے ساتھ بات چیت کی



۔ضلع انتظامیہ کپوارہ نے براہ راست بات چیت دیکھنے کے لئے ڈی سی کمپلکس میں ایک میگا یونٹ کا انعقاد کیا گیا جس میں ضلع ترقیاتی کمشنر کپوارہ خالد جہانگیر کے علاوہ وائس ڈسٹرکٹ ڈیولپمنٹ چیئرمین حاجی فاروق احمد میر، ڈی ڈی سی ممبران، بی ڈی سی ممبران، ضلعی افسران کے علاوہ پنچائتی نمائندہ ل، آنگن واڑی ورکروں، آشا کارکنان کے علاوہ لوگوں کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی اور وزیر اعظم نریندر مودی کی بات چیت کا (بقیہ صفحہ 7 پر، بات چیت)

براہ راست لطف لیا۔ شرکا نے لفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کا پروگرام بھی دیکھا جو ایس کے آئی سی سی سرینگر سے براہ راست نشر کیا گیا۔ لوگوں نے مختلف زبانوں میں مختلف سرکاری سکیموں پر فلمیں بھی دیکھیں۔ ضلع ترقیاتی کمشنر نے براہ راست پروگرام کے اختتام کے بعد اپنے خطاب میں کہا کہ ضلع انتظامیہ عوام کو بہترین سہولیات اور خدمات فراہم کرنے کے لئے پر عزم ہے۔ خالد جہانگیر نے کہا کہ ضلع انتظامیہ اور منتخب عوامی نمائندے ملکر کام کریں گے اور ضلع کی وسیع ترقی اور خوشحالی کے لئے بھی مل کر کام کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ اس سے قبل بھی ضلع کے لوگوں نے ضلع انتظامیہ کو بھر پور تعاون فراہم کیا جس کے نتیجے میں ضلع میں تعمیر و ترقی کو کافی فروغ مل گیا اور امید ہے کہ وہ اب بھی اس بات پر پر عزم ہے کہ اس ضلع میں عوام کی فلاح و بہبود کے لئے کام کریں گے کیونکہ تعمیر و ترقی ایک نہ ختم ہونے والا عمل ہے جو ہر گزرتے دن کے ساتھ نئے تقاضوں کے مطابق تبدیل ہوتا رہتا ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ سرکار کی جانب سے لوگوں کے لئے مختلف فلاحی سکیموں کے بارے میں لوگوں کو جانکاری دی جائیں۔